خودمختار علاقہ کے نکشیا میوزیم میں لوہے کے ایک چھوٹے سے بکس میں محفوظ رکھا گیا ہے، نسخہ کا وزن ۱ء اگرام ہے جبکہ اس کی لمبائی ۶ء۱۹ ملی میٹر اور چوڑائی ۲ء۱۳ ملی میٹر ہے،اس سے قبل قرآن مجید کا سب سے چھوٹا نسخہ چین کے ہنان صوبہ (چن ژدہو) میں ملا تھا،اس کا نام گینیز بک آف ورلڈ رکارڈس میں بھی درج ہوا تھا۔(سہ روزہ دعوت،۲۲مئی ۲۰۰۲ء)

نیوزی لینڈ پارلیمنٹ میں ایک ہندوستانی نژاد مسلم رکن کی قرآن شریف پر حلف برداری:

نیوزی لینڈ پارلیمنٹ کے لئے پہلی مرتبہ منتخب مسلم رکن نے قرآن شریف کے نام سے حلف لیا۔ ہندوستانی نژاد مسلم رکن مسٹر اشرف چودھری نے جب قرآن شریف کے نام سے حلف لینے کا منصوبہ بنایا تو نیوزی لینڈ فرسٹ پارٹی کے قائد مسٹر ونسٹن پیٹرس نے کہا کہ مسٹر اشرف چودھری بائبل کے نام سے حلف نہ لے کر صدیوں قدیم روایت کو توڑ رہے ہیں۔لیکن نومنتخب رکن مسٹر اشرف چودھری نے اس اعتراض کو مسترد کردیا اور مسٹر ونسٹن پیٹرس سے کہا کہ وہ نیوزی لینڈ کی تاریخ سے واقفیت حاصل کریں۔مسٹر چودھری نے بتایا کہ انیسویں صدی میں وزیراعظم جوولیس ووگل نے یہودیوں کی مقدس کتاب تورات کے نام پر حلف لیا تھا۔مسٹر چودھری نہ صرف پہلے ہندوستانی نژاد بلکہ نیوزی لینڈ میں قرآن شریف پر حلف لینے والے پہلے ممبر پارلیمنٹ ہیں۔ (سہ روزہ دعوت،۴ستمبر ۲۰۰۲ء)

سعودی عرب میں مسلم افواج کے درمیان حفظ قرآن کا مقابلہ:

الحمدللہ عمومی طور پر مسلمانوں میں دن بہ بدن قرآن مجید کے حفظ کی جانب رغبت میں اضافہ دیکھا جارہا ہے۔اس کے اسباب میں حفظ قرآن کے وہ مقابلے بھی شامل ہیں جو مقامی اور عالمی سطح پر دنیا کے مختلف ممالک میں منعقد کئے جارہے ہیں۔اس میں کوئی شک نہیں کہ ان مقابلوں کا حسن آغاز سعودی حکومت کی جانب سے کیا گیا تھا اور اب بھی دنیا کے مختلف ممالک میں ہونے والے مقابلوں میں سعودی